برائے رابطہ
مارک اسٹروہ
ترجمان
۵۵۵۰۵۹۱۔۰۳۰۸
۰۱۱/۲۰۱۲

امریکی محکمہ دفاع کی جانب سے سیکرٹری دفاع لیون پنیٹا کے بیان کی وضاحت

پینٹاگون کے پریس سیکرٹری جارج لٹل کی جانب سے وزیر دفاع لیون پنیٹا کے پروگرام "سکسٹی منٹس" میں حالیہ اظہار خیال پر مندرجہ ذیل وضاحتی بیان جاری کیا گیا ہے

اسلام آباد، جنوری ۲۹، ۲۰۱۲ء۔۔پروگرام "سکسٹی منٹس" کو کئی مہینے پہلے دیئے گئے ایک انٹرویو میں وزیر دفاع لیون پنیٹا نے اپنے اس خیال کا اظہار کیا تھا جس کو دیگر دوسرے اعلی امریکی حکام کی جانب سے بھی دہرایا گیا کہ اسامہ بن لادن کو پاکستان میں کسی نیٹ ورک کی مدد حاصل تھی۔ وزیر دفاع نے اس انٹرویو میں یہ بھی کہا تھا کہ میں نے ایسا کوئی ثبوت نہیں دیکھا جس سے پتہ چلتا ہو کہ بن لادن کو پاکستانی حکومت کی حمایت حاصل تھی یا اعلی پاکستانی حکام جانتے تھے کہ اسامہ بن لادن ایبٹ آباد میں ایک عمارت میں چھپا ہوا تھا۔ بن لادن کے خلاف کاروائی سے لے کر اب تک وزیر دفاع پنیٹا اور امریکی حکومت میں موجود ان کے ساتھی امریکہ اور پاکستان کے درمیان تعلقات بہتر بانے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔